مقامات قادریہ غوثیہ

۱۵

اورادِ غوثیہ

مترجم

میاں ظاہر شاہ قادری ایم اے اسلامیات

ناشر

مکتبہ غوثیہ ۔ مدین سوات (صوبہ سرحد)

ہدیہ: پندرہ ۱۵ روپے

Marfat.com

Marfat.com

مقدمہ

81453

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از مترجم کتاب ھذا

میاں ظاہر شاہ قادری

انسان دو چیزوں سے مرکب ہے ایک روح دوسری چیز بدن ہے۔ روح کے بغیر بدن کی نشو و نما یا بدن کی پائیداری ناممکن ہے اگر یہ کہاں جائے کہ روح کے بغیر بدن ہے نہیں۔ جہاں بدن ہو گا وہاں روح ہو گی یعنی یہ دو لازم و ملزوم ہیں۔ بدن کے لئے غذا وہی ہے جس سے اس کی ساخت ہوتی ہے یعنی مٹی سے بدن پیدا ہوا ہے اور اس سے جو چیز پیدا ہو گی تو وہی چیز اس کے لئے خوراک ہو گی مثلاً ترکاریاں گوشت وغیرہ لیکن روح کی غذا وہاں سے حاصل کی جاتی ہے۔ جہاں سے روح آتی ہے وہ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو عبادت ذکر و فکر بندوں کے لئے مقرر ہوا ہے وہ روح کی غذا ہے اس سے روح کی ترقی و پائیداری ہے۔ اب اللہ تعالیٰ تک رسائی کے لئے اس خاکی بدن کے لئے سات مقامات ہیں جس کے بغیر وہاں تک رسائی مشکل ہے ان مقامات میں سے پہلا مقام نفس اَمَّارَہ ہے جو کسی حال میں انسان روحانی ترقی کے لئے نہیں چھوڑتا پھر اس کے بعد لَوَّامَہ مُلْھِمَہ مُطْمَئِنَّہ رَاضِیَہ مَرْضِیَہ پھر کَامِلَہ ہیں اب ان مقامات کو کس طرح عبور کیا جا سکتا ہے اس کے لئے روحانی راہنمائی کے لئے روحانی اشخاص کی ضرورت ہے اور روحانی اشخاص میں سے سب سے زیادہ اہم شخصیت بزرگوں

Marfat.com

کا پیشوا پیران پیر شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ ہے یہ وہ ہستی ہے جس کو پیشوا تسلیم کرنے کے اکابرین سلاسل اربعہ یعنی نقش بندیہ چشتیہ سہروردیہ اور قادریہ ہیں غوث اعظم نے سرالاسرار شریف میں یہ مقامات نقل کئے ہیں اور ہر مقام کے عبور کرنے کے لئے اوراد تعداد مقرر کی ہیں یہاں تک کہ ساتوں مقامات تک نقل فرماتے ہیں ان مقامات کو یکجا کرنے کے لئے سید محمد حسن صاحب رحمتہ اللہ علیہ جو نقیب صاحب کے نام سے پہچانے جاتے ہیں ان کی اجازت سے یہ کتاب چھپ گئی اور روحانی استانوں تک پہنچ گئی راقم الحروف نے متلاشیان روحانیت وطریقت کے لئے اس کو ترجمہ کیا تاکہ ہر آدمی اس کے افادیت سے مستفید ہو سکے اس کے لئے دو نصاب ہے ایک نصاب چھوٹا اور دوسرا بڑا کورس ہے چھوٹے کورس کا خاکہ یہ ہے کہ نفس لمارہ کے لئے ستر ہزار بار کلمہ شریف کا ورد مقرر ہے اس ورد کے پورا کرنے کے بعد دو رکعت نفل پڑھ کر دعا مانگے یا اللہ میں نے اپنا یہ نفس امارہ اس کے بدلے خریدا پھر نفس لوامہ کے لئے ورد اَللّٰہُ یعنی اسم ذات ہے نفس ملھمہ کے لئے ھُوْ ہے اور نفس مطمئنہ کے لئے حَقٌّ نفس راضیہ کے لئے حَیٌّ نفس مرضیہ کے لئے قَیُّوْمُ اور نفس کاملہ کے لئے قَھَّارٌ ہے یہ تمام اوصول ہے پھر بڑا کورس یہ ہے کہ ہر ورد میں کام کرنا ہے یعنی ہر ورد کو پانچ لاکھ تک پورا کرنا ہے۔ ان اوراد سے روحانی منازل طے ہونگے اور انسان انسانیت کے درجہ پر پہنچے گے ورنہ اگر انسان میں نفس امارہ ہے تو وہ حیوان سے بھی بد تر شمار ہوتا ہے کیونکہ حیوان میں تکبر حرام خوری لالچ نہیں ہے اگر نفس

Marfat.com

اماره کو قابو کیا جائے تو وہ حیوانیت میں داخل ہو گا پھر حیوانیت سے انسانیت تک ان اوراد سے ترقی کر سکتا ہے یعنی انسان بنے گا یہ وہی انسان ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنا نائب بنایا ہے اور فرشتوں پر فخر کیا آج کل اس مادی دور میں ہر انسان کو سکون حاصل نہیں اس سکون کو لوگ تلاش کرتے ہیں کہ کس طریقہ سے یہ سکون حاصل ہو گا اور یہ سکون اللہ تعالیٰ کے ذکر سے حاصل ہو سکتا ہے قرآن کا فیصلہ ہے اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ یعنی خبردار اللہ تعالیٰ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان حاصل ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ ہمیں دلی اطمینان اور سکون میسر کرے آخر میں میں فقیر راقم الحروف دعا گو ہے کہ خالق کائنات ہمیں یہ ابدی روحانی سعادت نصیب فرمائے ۔

میاں ظاہر شاہ قادر مدین سوات

ذخیرہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمان الرحیم ط

ابتدائی ذکر کی کیفیت کے بیان میں

کیفیت ذکر= سورہ فاتحہ سے شروع کرے اور تین بار پڑھے پھر الٓمّٓ کو مفلحون تک پڑھے اور آیت الکرسی کو خالدون تک پڑھے پھر لِلّٰہِ مَافِی السَّمٰوٰتِ کو فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ تک پڑھنا چاہیئے (سورہ بقرہ کا آخری رکوع) پھر تم تین بار حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْر پڑھے پھر ذکر سے شروع کرو اور یہ ذکر بالجہر ہو بائیں طرف سے شروع کرنا ہے یعنی دل سے اور جلالت کو دل بائیں طرف ڈالنا ہے پھر دائیں طرف کھینچنا ہے پھر سر کے اوپر کھینچنا ہے پھر بائیں کندھے کی طرف سے دل پر ضرب کرے اور آنکھوں کو بند رکھے اور خاطر جمع رکھے اور حضور قلب سے ذکر کرے پھر جیسا چاہیئے ذکر میں مستغرق ہو جائے پھر جب ذکر سے فارغ ہو جائے تو تین بار سورہ فاتحہ پڑھے پھر یہ آیت کریمہ پڑھے اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلٰی اٰلِہٖ کُلَّمَا ذَکَرک و ذکرہ الذاکرون وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِکَ وَذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ وَرَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْ اَصْحَابِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و عن التابعین و تابع التابعین یا حسان الی یوم الدین پھر یہ دعا پڑھے اللھم احینا و امتنا علی حبھم و احفظنا من بغضھم و سبھم ولا تجعل لاحد منھم والا من المسلمین فی اعنا قنا ظلامتہ و اجعھم سفائنا الیک یوم القیامتہ اللھم ارض عن قطب الاقصاب و

Marfat.com

فرد الاحباب العامل علی الکتاب و السنتہ القائل علی رؤس الاشھاد قدمی ہذہ علی رقبتہ کل ولی اللہ الغوث الفرد الاوحد ابی المکارم و المحاسن اعنی الشیخ محی الدین عبدالقادر الجیلانی قدس اللہ سرہ و اعاد علینا و علی المسلمین من برکاتہ و خصوصاتہ و نصحاتہ و جلواتہ احشرنا فی زمرتہ و تحت لواء ہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم نحن و والدینا مشائخنا و معلمینا و اخواننا و اصدقائنا و سائر المسلمین و صلی اللہ علی سیدنا محمد و علی الہ و صحبہ اجمعین۔

طریقہ قادریہ سے منسلک ہونے کی کیفیت

مرشد کامل کے لئے ضروری ہے کہ تین بار سورتہ فاتحہ پڑھے پھر یہ آیت کریمہ پڑھے اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ سے عَظِیْمًا تک پھر اس کو مرشد اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ تین بار کہے پھر مرید صادق یہ دھرائے گا پھر مرشد اپنے دائیں ہاتھ سے مرید کے دائیں ہاتھ کو پکڑ کر یہ تصور کرے گا کہ اس کے ہاتھ کی ساخت ظاہری و باطنی کے ہاتھ میں مشتعل ہو گئی پھر اس کو تلقین کرے کہ میں اللہ اور ملائک انبیاء۔ اور رسل اور مخلوقات میں جو حاضر ہو ان تمام کو گواہ کرونگا اور یہ کہے گا کہ میں اللہ اور اس کے رسول کے لئے گناہوں سے توبہ کرتا ہوں۔ تمام گناہوں اور خطاؤں سے اور رغبت کرنے والا ہوں اللہ تعالیٰ اور ان کے رسول کے اصرار اور ان کے محارم سے اپنے آپ کو بچا تو نگا اور اللہ کی طاقت میں کوشش کرونگا اور اس کی طرف رجوع کرونگا اور فقراء۔ اور مساکین کی خدمات میں اپنی طاقت کے مطابق کوشش کرونگا اور

Marfat.com

بے شک ہمارا سردار اور پیشوا اللہ تعالیٰ کی طرف شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہ ہیں اور یہ ہمارا شیخ اور مرشد اور مقتدا دنیا اور آخرت میں ہیں اور جو تم کہتے ہو اللہ تعالیٰ اس پر وکیل ہے پھر اس کے بعد مرشد یہ آیت کریمہ پڑھے گا يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اس کے بعد مرشد کہے گا کہ ہاتھ ہمارے مرشد کا ہاتھ اللہ تعالیٰ کی طرف شیخ سید عبدالقادر جیلانی قدس سرہ کا ہے اور وعدہ اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ ہے پھر حضورؐ پر درود پڑھے گا اور اس کو چاہیئے کہ وہ نماز کے قعدہ کی طرح بیٹھ جائیگا اور آنکھیں بند رکھے گا اور اس کو چاہیئے کہ پہلے اپنے سر کے بال کاٹ دیں اور ناخنوں کو تراش دیں اور مونچھوں کو کتروا دیں اور اس کلمہ شریف پر اختتام کرے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تین بار پھر وہ اور جو لوگ وہاں حاضر ہو سورہ فاتحہ پڑھے ایسا ہی ہم نے دیکھا ہے۔ تمت

خلوت میں داخل ہونے کی کیفیت

خلوت میں داخل ہونے کی کیفیت طریقہ قادریہ کے ترتیب سے ہو اور داخل ہونے کے وقت نیت یوں ہونا چاہیئے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ نَوَيْتُ الْخَلْوَةَ مُبْتَلًا اِلَيْكَ اِبْتِغَاءَ مَرْضَاتِكَ وَوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ بِفَضْلِكَ وَفَضْلِ وَجُوْدِكَ الْعَمِيْمِ يَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ وَيَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

اور جب تک وہ خلوت میں ہو دن کو روزہ سے ہو اور رات میں بیدار ہونے والا ہو اور زیادہ نیند کیلئے وقت نہ دیں بلکہ جو ذکر مناسب ہو اس میں مشغول ہو جائے اگر اس کے دل میں دوسری چیز کا شبہ (خطرہ) پیدا ہو تو اس کو چاہیئے کہ ذکر کے معنی کی

Marfat.com

طرف متوجہ ہو وہ خیال یعنی اس کو اس ذکر کی طرف لے جائے گا اگر نیند نے اس پر غلبہ کیا تو اس کو چاہیئے کہ تھوڑی دیر کیلئے سو جائے اور جب وہ نیند سے بیدار ہو جائے تو اس کو چاہیئے کہ فوراً وضو کرے اور تحیہ الوضوء کی نیت کر کے دو رکعت کی نیت سے پڑھے اور پھر دو رکعت تحیہ المکان کی نیت سے پڑھے پھر ذکر میں مشغول ہو جائے اور نیند کو چھوڑنا قیام میں اور چلنے میں کوشش کر کے اور تازہ وضوء کر کے اگر نیند نے زیادہ غلبہ کیا تو جو ہم نے ذکر کیا اسی کو کریں اور تھوڑے دیر کے لئے نیند کر کے اور جس جگہ میں ذکر ہو وہ تنگ ہونا چاہیئے اور دروازہ کے علاوہ کوئی جگہ نہ چھوڑے اور دروازہ کو بند رکھے اور اس پر پردہ لٹکائے اس لئے کہ دروازے کے اختتام سے روشنی کی نشانی ظاہر نہ ہو جائے اور آوازوں سے دور رہے اگر مکان آوازوں سے خالی نہ ہو تو کپڑے سے کانوں کو بند رکھے اور آنکھیں ذکر کے وقت بھی بند رکھے اور بیٹھنا تربع کی حالت میں ہو قبلہ کی طرف منہ ہو اور تکیہ بھی نہ لگائے کیونکہ تکیہ نیند کو لاتا ہے اور پانی کو تھوڑا پیا کرے کیونکہ پانی کا پینا بھی نیند لانے کا سبب بن جاتا ہے اور جو اسرار نمودار ہو ان کو ظاہر نہ کرے اور خلوت جس وقت شروع کرے وہ وقت شمس برج جدی میں حلول کا ہو اور وہ سردی کی ابتداء ہوتی ہے اور خلوت میں بیٹھے اس اندازہ سے جو اس کے مرشد نے مقرر کیا ہو اور خلوت سے باہر بھی مرشد کے حکم سے نکلے تعلیم شیخ مرید کے لئے ذکر کی کیفیت کا بیان ختم ہوا اس کے بعد مرید کو ذکر کی کیفیت بتائے گا اس کو کہے گا اسکے میرے بچے اپنے دل کے اوپر والے حصے سے کلمہ شریف کے لا کو اور اس لاَ کو کھینچو

خیال کے تصور سے دائیں پستان کو پھر دائیں کندھے کی طرف کھینچو پھر سر

Marfat.com

کے اوپر اور اسم اِلٰہ کو کہے سر کے اوپر سے پھر کلمہ اِلَّااللّٰہُ سر کے اوپر سے شروع کرو اور ذہنی تصور سے اس کو بائیں کندھے پر اتارو پھر اس کو بائیں پستان کی طرف کھینچو اور ھاء کے لفظ جلالہ کو دل کے سر پر سخت مارو یہاں تک کہ تمہارا تمام بدن ہل جائے اور اس مقام میں تمہارا ذکر ایسا ہو جائے جیسا کہ اغیار کا مقام ہوتا ہے اور اس نفس کو نفس امارہ کہتا ہے لَااِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ لفظ لَا کو کھینچو قدر حاجت سے الہ کے ہمزہ مکسور اور ھاء کا اِلٰہَ میں زبر یعنی فتحہ خفیفہ ہو اور لفظ جلالہ کے آخر میں ساکن کر دو اور ہو اَللّٰہُ لفظ ھا ہے اِلَّااللّٰہُ سے اور اِلٰہَ واِلَّا میں کوئی فاصلہ نہیں اگر تم نے اپنے اس قول لَااِلٰہَ اور اِلَّااللّٰہُ میں جدائی کی تو اس کا پڑھنا دو نفی ہو جائے گا تو نفس اول میں نفی واقع ہوگی یعنی نفی لَااِلٰہَ بغیر اثبات کے اور نفی الہ کا بغیر اثبات کے کفر ہے تو ذاکر نفس اول سے کافر ہو جائیگا اور اس مسئلہ سے آگاہ ہو اور اگر عالم نہ ہو تو وہ گناہ گار ہوگا کہ اس نے کیوں نہیں سیکھا تو اے سالک ذاکر اگر تم اِلٰہَ کے ہمزہ کو ظاہر کرو گے اور اگر تم نے اس میں کوتاہی کی اور تم نے اس کی تحقیق نہیں کی تو تم اپنے الفاظ کو یاء سے بدل دو گے تو تمہارا ذکر لَایِلَاہَ اِلَّااللّٰہُ ہو جائے گا اور ھاء کے فتح کے پر سے پرہیز کرو اگر تم نے پر کر کے پڑھا تو اس سے الف پیدا ہو جائے گا تو تمہارا ذکر ایسا ہو جائے گا لَااِلٰہَا اِلَّا اللّٰہُ اور ہمزہ کے کسرہ کے پُر پڑھنے سے بھی پرہیز کرو استثناء کے طریقہ سے کیونکہ اس سے یاء پیدا ہو گا تو تمہارا ذکر لَااِلٰہَ اِیلَّااللّٰہُ ہو گا۔

یہ تمام کلمہ توحید نہیں ہے تو پھر اس کے ذکر سے ثواب بھی نہیں ملے گا اور اگر اس کے بار بار پڑھنے میں کوئی تاثیر نہیں ہوگی بلکہ اس سے گناہ لازم آئے گا ذاکر کے دین پر ڈرنا چاہیئے اور غالب گمان یہ ہے کہ اس زمانہ میں ذاکرین اس قبیح خطاء میں

Marfat.com

واقع ہیں اور اس کے ضرر سے واقف نہیں جہالت اور عدم علم سے اور تم پر لازم ہے کہ تم اِلَّا اللّٰہُ کے ھا۔ پر وقف کرو کیونکہ یہ تجوید کے قاعدہ کے موافق ہے اور اگر ایسا نہیں یعنی اگر تم ھا۔ کے اللہ پر وقف نہ کرو گے بلکہ تم ملا کر آگے پڑھا تو ھا۔ کی پیش ظاہر ہوگی نہ کہ زبر اور یہ نہیں کیونکہ یہ دونوں معنی سے خالی ہیں تو ان دو کے قرآتہ سے پڑھنا جائز نہیں پھر سورہ فاتحہ کو پڑھے اور اس کیلئے اور مسلمانوں کیلئے دعا مانگے خیر کی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

تمام کمالاتی خوبیاں اللہ کے لئے ہیں جو رب العالمین ہے اور درود و سلام ہو ہمارے سردار محمدؐ پر اور آپ کی آل اور آپکے تمام صحابہ پر کتاب قوت کی ساتویں فصل کے پہلے باب سے یہ بحث درج کی جاتی ہے اور اس بحث میں عہد اور بیعت کا طریقہ غوث اعظم سید شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ کے طریقہ پر ہے وہ لکھتے ہیں کہ اے مرید جان لو سب سے پہلے جو مرشد اپنے مرید کو حکم دیتا ہے وہ یہ ہے کہ وہ اپنے سر کے بال مونڈھ ڈالیں اگرچہ ان لوگوں میں سے کیوں نہ ہو جو سر کے بال مونڈھتے ہیں پھر اس کو نجاست سے پاک ہونے کی تلقین کرے اور پاک صاف کپڑے پہنے اگرچہ وہ ان لوگوں سے کیوں نہ ہو جو کہ صاف ستھرے کپڑے ہمیشہ کے لئے پہنتے ہوں اور اگر ایسا نہ ہو تو بھی کوئی بات نہیں اس کے بعد وضوء کے لئے کہے اور تحیۃ الوضوء کی دو رکعت پڑھے خاص اللہ تعالیٰ کے لئے توبہ کی نیت سے۔

جب مرید اس سے فارغ ہو جائے تو وہ اپنے آپ کو مرشد کی ہدایات اور شروط کے لئے اپنے آپ کو تیار کرے اور پھر مرشد اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو جائے اور

Marfat.com

اللہ تعالیٰ سے توفیق اور قبول کے لئے اللہ تعالیٰ سے سوال کرے اور اس کی طرف حضور انورؐ کو وسیلہ بنائے کیونکہ حضورؐ اللہ اور اس کی مخلوق کے درمیان ایک بہت بڑا وسیلہ ہیں پھر مرشد مرید کو بیٹھنے کا حکم دے تاکہ وہ اس کے سامنے ایسے بیٹھے جس طرح تشہد میں بیٹھتے ہیں اور وہ ایسا ہو کہ قبلہ کی طرف منہ ہو اور مرشد کی قبلہ کی طرف پیٹھ ہو اور مرشد کلمہ توحید شروع کریگا اور وہ اور جو لوگ وہاں حاضر ہوں تو وہ ایک سو چھیاسٹھ بار اس کلمہ کا ورد کرے گا جب ذکر سے تمامؑ فارغ ہو جائیں تو مرشد بیعت لینے سے پہلے یہ دعا مانگے بسم اللہ الرحمان الرحیم ط اللھمہ صلی علی سیدنا محمد و علی ال سیدنا محمد و صحبہ وباک وسلم یا اکرم الاکرمین و یاارحم الراحمین یا ذوالجلال وال کرام اللھمہ ببر کتہ انبیائک واولیائک و کل ماکان عندک حق صب علی قلوبنا کاس شراب محبتک کما صبتہ بت قلب نبیک محمد صلی اللہ علیہ وسلم وعلی سائر قلوب الانبیاء و المرسلین کماصببتہ علی سائر قلوب مشائخ الطریقتہ اجمعیت فاطمس اللھمہ من قلوبنا حب غیرک اسقنا بکاس شراب محبتک واجعلنا سکارئ منہ یارب العالمین اللھمہ انانسئلک من وراع ذالک ما سئلک بہ انبیائک و اولیائک و سکان سمواتک و اھل ارضیک اجمعین یا ارحم الراحمین اللھمہ افتح ابواب حکمتک انشر علینا و انشر علینا رحمتک و ادم علینا سو ابغ نعمتک وادفع عنا شرنقمتک و جنبنا سخطک ووفقنا لمرضاتک یا ذاالجلا و الاکرام اللھم حبب الینا الایمان و البر والا حسان وزین ذالک فی قلوبنا و کرہ الینا الکفر والفسوق و العصیان و

Marfat.com

اغفر اللھم ولوالدینا ولمشائخنا و الا خواننا الذین سبقونا بالایمان وَلَا تجعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَا اِنَّکَ رَءُوْفٌ رَّحِیْم جب مرشد دعاء سے فارغ ہو جائے تو عہد بیعت کا خطبہ شروع کرے اور کہے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْم ط بسم اللہ الرحمان الرحیم ط اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَ الْعَاقِبَتُہ لِلْمُتَّقِیْنَ وَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَی الظَّالِمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمَ النَّبِیِّیْنَ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَالسَّلَامُ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ جب مرشد چاہے کہ عہد اور بیعت مرید سے لے تو اس کو حکم دیں کہ وہ اپنے دائیں ہاتھ کو آگے کر دے اور مرشد بھی اپنے دائیں ہاتھ کو آگے کر دے اور اس سے اپنے مرید کا ہاتھ پکڑیں اور ایسا ہو کہ مرید کا کف پیر کے ہاتھ کے کف سے برابر ہو اس کے بعد پیر اپنے انگوٹھے سے مرید کا انگوٹھا پکڑے اور دونوں ہاتھوں کو رومال سے ڈھانپ دیں اور اس کو سب سے پہلے استغفار اور توبہ بتاتے اور اس کو ایسا کہے کہ کہلاتے میرے بچے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ مرشد کامل تین بار اس استغفار کو مکرر پڑھے اور مرید بھی شیخ کی طرح کہے پھر مرشد اپنے مرید کو کہے کہ کہو کہ میں اللہ اور اس کے ملائک اور انبیاء اور رسل اور اولیاء اور حاضرین کو مخلوقات میں سے ان تمام کو گواہ بناتا ہوں اے میرے بچے توبہ کرو اللہ تعالیٰ کی طرف

اللہ وہ ذات ہے جس نے حلال کو حلال فرمایا ہے اور حرام کو حرام اور اپنی طاقت کی مناسبت سے تم پر ذکر و طاعت لازم ہے اور مرید یہ بھی کہے گا پھر مرشد اپنے مرید سے کہے گا کہ کہو ہمارا شیخ اور استاد اور وسیلہ اللہ کی طرف قطب ربانی ھیکل

Marfat.com

نورانی عارف صمدانی سیدی واستادی شیخ عبدالقادر جیلانی اور اس کے مشائخ ہمارے مشائخ ہیں اور اس کا طریقہ ہمارا طریقہ ہے اور اللہ اس پر کارساز ہے جس کو ہم کہتے ہیں پھر مرشد مرید کو دوبارہ کہے گا اور پھر یہی دعا فرماتے گا اَللّٰھُمَّ قَبِّلْہٗ وَاقْبِلْ عَلَیْہِ وَکُنْ لَہٗ وَلَا تَکُنْ عَلَیْہِ واعین ولا تعن علیہ وَ ثَبِّتْہٗ بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ وَ اَیِّدْہُ بِتَائِدِکَ یَا عَزِیْزُ یَا حَکِیْمُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ پھر مرشد اپنے مرید کو وصیت کری گا اور اس کو کہے گا کہ میں تمہیں تقویٰ اور اللہ کی طاعت کی وصیت کرتا ہوں اور اس کے احکام کو بجالاؤ گے اور محارم وزاجر سے بچتے رہونگے اور میں تم سے یہ وعدہ لیتا ہوں کہ تم گناہ کبیرہ نہیں کرو گے اور صغیرہ پر بھی مصر نہیں رہو گے اور تم کتاب اور سنت رسول پر عمل کرتے رہو گے اور تم شریعت اور حقیقت کو دونوں اکھٹا کرو گے اس کے بعد مرید یہ کہے گا کہ میں نے اس عہد کو قبول کیا ہے پھر مرشد ان میں سے ہر ایک کے لئے اور مسلمانوں کے لئے دعا مانگے گا اللھم اصلحنا واصلح بنا واھدنا و اھدینا و ارشدنا ارشد بنا وارنا الحق حقاً الھمنا اتباعہ ارنا الباطل باطلا وارزقنا امتناعہ اللھم اقطع عنا کل قاطع یقطع منک و لا تقطعنا بالاخیار عنک برحمتک یا ارحم الرحمین پھر مرشد کہے گا وَاللّٰہُ عَلٰی مَانَقُوْلُ وَکِیْل اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰہَ یَدُاللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ

فَمَنْ نَکَثَہٗ فَاِ نَّمَا یَنْکِثُ عَلٰی نَفْسِہٖ مَنْ اَوْفٰی بِمَا عَاھَدَ عَلَیْہِ اللّٰہَ فَسَیُؤْتِیْہِ اَجْرًا عَظِیْمًا یہ بیعت مرد کے لئے ہے اور اگر عورت ہو تو یوں اللہ تعالیٰ کا قول تلاوت کرے گا یَا اَیُّھَاالنَّبِیُّ اِذَاجَاءَکَ الْمُؤْمِنَاتُ

Marfat.com

يُبَايِعْنَاكَ عَلٰى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ط پھر مرشد اپنے مرید کو کہے گا کہ اے میرے بچے مجھ سے سن لو کلمہ توحید تین بار اور تم بھی تین بار کہو اور وہ کلمہ یہ لا الہ الا اللہ ہے اسی کو مرشد تین بار مکرر کہے گا کہ اے میرے بچے مجھ سے سن لو کلمہ توحید تین بار اور تم بھی تین بار کہو اور وہ کلمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہے اسی کو مرشد تین بار مکرر کہے گا پھر مرید ایسا کہے گا جب وہ صحیح کہے تو اس کو زیادہ ذکر کی وصیت کرے گا کہ کھڑے بیٹھے رات اور دن کے کچھ حصہ میں زیادہ ذکر کرے لیکن اپنے حقوق اور بھائیوں اور تمام مسلمانوں کے حقوق کا بھی خیال رکھے پھر مرشد سورہ فاتحہ پڑھے اور مرید اور مسلمانوں کے لئے دعا مانگے اور کہے اللھم کن لنا برا رحیما جوادا کریما اللھم ولہ بک الیک اللھم خذمنہ اللھم الفتح علیہ والوالدیہ فتوح الانبیاء والاولیاء بجودک و کرمک یا ارحم الراحمین وصلی اللہ علی سیدنا محمد وعلی الہ و اصحابہ و علی جمیع اخوانہ من الانبیاء والمرسلین والھم اصحابھم اجمعین والحمد للہ رب العالمین ۔

Marfat.com

دسویں باب کے فصل اول عیون الحقیقۃ سے تخلیص مرشد کامل کے متعلق بحث

اس باب میں جو مرشد کامل کے متعلق اور وہ علامات جو مرشد کامل پر دلالت کرنے کے متعلق ہیں اور وہ علامات و خصلتیں پندرہ ہیں۔ پہلی علامت یہ ہے کہ وہ حرام اور مکروہ چیزوں سے بچنے والا ہو اور ان اشیاء سے بھی پرہیز کرے جو مشتبہ چیزیں ہوں اور وہ چیزیں جن میں شک کا شائبہ ہو اور شک و یقین کے درمیان ہو تو اسے توقف کرنے والا ہو دوسری علامت یہ ہے کہ ان چیزوں سے الگ رہے جو بے فائدہ ہو کیونکہ حضورؐ نے فرمایا ہے کہ کسی مرد کے اچھے مسلمان ہونے میں سے یہ ہے کہ وہ ان چیزوں کو چھوڑ دیں جو اسے تعلق رکھنے والی نہ ہو تیسری علامت یہ ہے کہ وہ معاف کرنے والا اور مہربان ہو اور بڑے گناہوں سے پرہیز کرنے والا ہو جیسا کہ زنا اور لواطت اور شراب کا پینا، چوری وغیرہ کہ وہ گناہ کبیرہ کے مرتکب نہ ہو اور نہ صغیرہ گناہوں پر اصرار کرنے والا ہو جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اگر تم نے کبائر سے اجتناب کیا جن سے تم کو منع کیا گیا ہے تو تمہاری برائیاں ہم ختم کردینگے اور تمہیں اچھی جگہ میں داخل کرینگے چوتھی علامت یہ ہے کہ وہ اچھے اخلاق والا ہو نہ کہ برے اخلاق والا ہو اور وہ صابر، سختی، عقل مند ہو ہنس مکھ ہو اور اپنی تعریف پر خوش ہونے والا نہ ہو اور نہ اپنے ذم سے غمگین ہونے والا ہے اور وہ چھوٹوں سے وہ معاملہ کرے جو بڑوں سے کرتا ہے۔

Marfat.com

حضور انورؐ نے فرمایا ہے اچھے اخلاق اہل جنت کی ہیں پانچویں علامت یہ ہے کہ وہ تمام لوگوں کے عیوب اور زلات کی بخشش مانگتے ہونگے اور ان کو خیر سے یاد کرتے ہونگے اگرچہ انہوں نے ہر بدی کو اختیار کیا اور ہر نیکی کو ضائع کیا ہو اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے بے شک وہ لوگ جو اس بات کو پسند کریں کہ وہ فحش کو شائع کریں ان لوگوں میں جو ایمان لاتے ہیں ان کے لئے دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہے اور حضور انورؐ نے فرمایا جس نے اپنے بھائی کی توہین کی دنیا میں اللہ تعالیٰ قیامت کے دن لوگوں کے سامنے اس کی توہین کا پردہ چاک کر دیگا اور جس نے دنیا میں اپنے بھائی کا پردہ رکھا اس کا پردہ دنیا اور آخرت میں رکھا جائیگا واللہ الموفق

چھٹی علامت یہ ہے کہ مرشد صاحب معرفت ہو شریعت احوال لوگوں کے جاننے والا ہو جس کی ضرورت اسے ہو اور وہ ارکان اسلام و ایمان و احسان ہیں جو اسلام کے ارکان ہیں تو وہ پانچ ہیں ان میں پہلا کلمہ شہادت لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَنَّ مُحَمَّدً رَّسُوْلُ اللّٰہِ عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ دوسرا رکن نماز کو قائم کرنا اور تیسرا زکواۃ کو ادا کرنا اور چوتھا رمضان کے مہینے میں روزے رکھنا اور بیت اللہ شریف کو حج کے لئے جانا جب کہ اس کی طاقت ہو عمر میں ایک بار اور جو ایمان کے ارکان ہیں تو وہ سات یہ ہیں اللہ تعالیٰ کی طرف مخلوق میں پر ایمان لانا اور مرنے کے بعد اٹھنا اور جو احسان ہے تو وہ یہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کی ایسی عبادت کرو کہ اللہ کو تم دیکھ رہے ہو اگر ایسا نہ ہو تو اللہ تمہیں دیکھ رہا ہے اور ساتواں دیانت ہے کہ وہ ہمیشہ پانچ اوقات دیانت دار ہو اور جماعت ادا کرنے میں سستی اور کہالت نہ ہو اور اس کو اپنے اوپر ضروری جانتے اور طاعت پر ہمیشگی کرنے والا ہو جیسا کہ نفلی نمازیں ہیں اور نفلی روزے وغیرہ ہیں آٹھویں علامت یہ

Marfat.com

ہے کہ مرشد دینی احکامات سے بصیرت رکھتا ہو جیسا کہ عقائد اور طہارت و نماز زکواۃ و روزہ اور حج ہوئے اور اس سے وابستہ ہو دینی احکامات علم استاد کے سامنے ایسا ہوتا ہے جیسا کہ مردہ غاسل کے ہاتھ میں کیونکہ اس نے اللہ پر بھروسہ کیا پھر اس پر اور اپنی قیامت اس کو سونپی۔ نویں علامت یہ ہے کہ وہ شفقت کرنے والا ہو کہ مرشد مرید پر شفقت کرنے والا ہو جیسا کہ والد اپنے بیٹے پر شفقت کرتا ہے اور اس کے لئے وہ چاہتے ہیں جو اپنے لئے چاہتے ہیں یہاں تک کہ وہ قیامت کے دن طلب کرنے والا نہ ہو حقوق کا اللہ تعالیٰ کے سامنے جیسا کہ حضور انورؐ نے فرمایا ہے۔

تم میں سے ہر ایک چرواہا ہے اور اس کی رعیت کے متعلق اس سے پوچھا جائیگا کیونکہ مرید اپنی روح کو امانت کے طریقہ سے استاد کے سپرد کرتا ہے اور مرشد اس کے لئے ہدایت کا سبب ہوتا ہے اور دونوں جہانوں میں اس شان میں اصلاح کے لئے کوشش کرنے والا ہوتا ہے تو اس وجہ سے اس کا حق والدین کے حق سے پہلے سمجھا جاتا ہے دسویں علامت یہ ہے کہ وہ سچا ہو اپنے اقوال و افعال میں اور امور میں تحقیق کرنے والا ہو گا اور اس میں باریک بین ہو گا اور وہ جھوٹ نہیں بولے گا اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اللہ کی لعنت ہو جھوٹ بولنے والوں پر حضور انورؐ نے فرمایا ہے جو چاہتا ہو کہ وہ اپنے نفس پر لعنت بھیجے تو وہ جھوٹ بولے گیارہویں علامت انصاف ہے کہ وہ اپنے آپ میں منصف ہو او احکاموں اور تصرفات میں انصاف کرنے والا ہو اور مرید کے مقامات کو جاننے والا ہو اور طلب کرنے والوں کے حالات سے بھی واقف ہو تو وہ ہر حق والے کو اپنا حق دیگا اس کی قابلیت اور روحانیت کے اندازہ سے جس وجہ سے وہ اس کے لائق ہو اور وہ شریعت اور طریقت کے حدود میں تجاوز کرنے والا نہ ہو اور نہ

Marfat.com

حقیقت اور معرفت میں اگر اس نے مندرجہ بالا حدود میں تجاوز کیا تو وہ ظالم کے نام کا مستحق ہو گا کیونکہ ظلم حدود میں تجاوز کا نام ہے اور کسی چیز کو دوسری جگہ میں رکھنے کا نام ہے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے بے شک ہم نے ظالموں کے لئے. جہنم تیار کی اس کے سرادق ان کو گھیر لے گا اور دوسری جگہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اور جنہوں نے اللہ کے حدود سے تجاوز کیا تو وہ ظالم لوگ ہیں اور کہا ہے کہ معنی یہ ہے کہ تم ظلم نہ کرو کیونکہ ظلم عار ہے اور اللہ کے نزدیک ظلم کی سزا جھنم ہے اور ہماری مراد یہاں ظلم سے وہ جو ہم نے پہلے بیان کی ہے کہ کسی چیز کو اپنی جگہ سے ہٹا کر دوسری جگہ رفٹ کرنا ہے تو کامل پیر کے لئے ضروری ہے کہ مرید کو وہ چیز نہ دے جس کا وہ اہل نہ ہو کیونکہ حضورؐ نے فرمایا ہے نااہل کو حکمت مت دو کیونکہ تم ظالم ہو جاؤ گے اور اہل سے منع بھی نہ کرو کیونکہ تم ان پر ظلم کرو گا جیسا کہ جائز نہیں کہ اس کو دیا جائے جس کا وہ اہل نہ ہو پس یہ بھی جائز نہیں کہ جو اہل ہو اس سے منع کرے بارھویں علامت مخلوق کو نصیحت کرنا ہے مسلمانوں کو ان کے لئے وہ پسند کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے اور اس کے لئے اس چیز کو بد جانے جو اپنے لئے پسند نہیں کرتا حضور انورؐ کا ارشاد مبارک ہے کہ دین نصیحت ہے کہا گیا یا رسول اللہ کس کے لئے آپؐ نے فرمایا اللہ اور اس کے رسول کے لئے کہا گیا پھر کس کے لئے فرمایا اس کے اہل بیت کے لئے کہا گیا پھر کس کے لئے فرمایا اور عام مسلمانوں کے لئے تیرھویں علامت نفس کی خواہشات سے مخالفت اور اس کی نافرمانی سے اور قہر سے کہ وہ اپنے نفس پر غصہ ہو اور جو نفس چاہتا ہے اس کو وہ نہ دیا جائے بلکہ اس کی مخالفت کی جائے اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور جو اللہ تعالیٰ کے سامنے حاضر ہونے سے ڈرا اور اپنے نفس کو منع کیا خواہشات سے تو

Marfat.com

اس کا ٹھکانہ جنت ہے چودھویں علامت تواضع ہے کہ وہ عاجزی کرنے والا ہو علماء کے لئے اور مشائخ کے لئے اور اپنے طریقت کے بھائیوں کے تے اور تمام مخلوقات کے لئے وہ مخلوقات میں سے کسی پر بڑائی نہ کرے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ میں جلد پھیر دونگا اپنی آیات سے ان لوگوں کو جو زمین میں ناحق تکبر کرتے ہیں۔

حضور انورؐ نے فرمایا جو اللہ کے لئے تواضع کرے تو وہ رخصت والا ہو گا اور جس نے اللہ پر تکبر کیا تو نیچے درجہ والا ہو گا اور حضور انورؐ نے فرمایا ہے تکبر کرنے والوں کا حشر قیامت کے دن ہو جاتے گا۔ چیونٹیوں کی طرح ہر چھوٹی چیز اس پر بڑائی کریگی۔

پندرہویں علامت اچھی صحبت اور سیرت ہے اور حسن معاشرہ چھوٹوں اور بڑوں کے ساتھ آزاد اور غلام کے ساتھ مرد اور عورت کے ساتھ جو اخلاق سے متصف ہوا۔

اور ان اچھے اخلاق سے متصف ہوا تو وہ مرشد کامل ہے اور اگر ایسا نہیں تو وہ مرشد کامل نہیں اور یہ اللہ کا فضل ہے جس کو دیدے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

مقامات کے چار ابواب

اس کے چالیس مقامات ہیں اور ہر باب کے دس مقامات ہیں ان میں سے پہلا باب شریعت ہے اور اس کے دس مقامات ہیں ان میں سے پہلا مقام اللہ تعالیٰ پر ایمان ہے اور اس کے ملائک پر اور کتابوں اور رسولوں پر اور روز آخرت پر اور خیر

Marfat.com

اور شر کی قدرت اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور مرنے کے بعد دوبارہ اٹھنا حق ہے ان تمام پر ایمان لانا ہے دوسرا مقام پانچ اوقات کی فرض نمازیں اور ان کی حفاظت اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اپنی نمازوں کی حفاظت کرو اور درمیانہ نماز کی تیسرا مقام زکواۃ ہے کہ جب اس پر فرض ہو جاتے تو وہ زکواۃ کے مستحق سے منع نہیں کریگا چوتھا مقام رمضان کے مہینے میں روزے رکھنا ہے جو اللہ تعالیٰ نے حضور انورؐ کی امت پر فرض کئے ہیں۔

پانچواں مقام حج بیت اللہ ہے تمام عمر میں ایک بار جب کہ اس کی استطاعت ہو چھٹا مقام کسب حلال ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ اس میں برکت ڈالتا ہے اور امید کی جاتی ہے کہ جب وہ اپنے صاحب کیلئے دعا مانگے تو وہ دعا قبول ہوگی۔ ساتواں مقام حرام سے بچنا ہے کیونکہ حرام دل کو سیاہ کرتا ہے اور دل کو سخت بناتا ہے پتھر کی طرح بلکہ پتھر سے بھی سخت آٹھواں مقام شریعت کی تابع داری ہے اور یہ امر کی متابعت ہے اور زواجر سے اپنے آپ کو بچانا ہے اور حلال کو حلال جاننا اور حرام کو حرام جاننا ہے نواں مقام قرآن ہے اس سے مراد تلاوت اور تصدیق اور مقتضا کیساتھ اور اس کی معانی میں سوچ کرنا اور اس کے امر کی ابتاع کرنا اور انہی سے اپنے آپ کو بچانا دسواں مقام امر بالمعروف و نہی عن المنکر ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے نماز کو قائم کرو اور نیکی کا حکم دو اور منکر سے منع کراؤ اور جو تجھے اس میں تکلیف پہنچے اسی پر صبر کرنا بے شک یہ عزم امور سے ہیں۔

دوسرا باب طریقت

دوسرا باب طریقت ہے اور اس کے بھی دس مقامات ہیں پہلا مقام توبہ کا

Marfat.com

ہے اور یہ ہر مکلف پر فرض ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے تمام اللہ کے لئے توبہ کرو اے مومنو شاید کہ تم کامیاب ہو جاؤ گے دوسرا مقام اچھے اخلاق ہیں اور اس میں ہر نیک خصلت داخل ہے اور ہر اچھا کام بھی داخل ہے اور اس کا نتیجہ ہر نیک عمل ہے۔ تیسرا مقام اجتہاد ہے دین میں اور تقویٰ اختیار کرنا اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور اس کے رسول کی اطاعت کرنا ہے پس بے شک جس نے کوشش کی اس نے مشاہدہ کیا اور جس نے کوشش نہ کی تو وہ مشاہد بھی نہیں کریگا۔

چوتھا مقام خوف اور امید کے درمیان کا ہے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید نہ ہو جانا اور اس کے پکڑنے سے بے خوف بھی نہ ہونا اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید نہ ہونا پانچواں مقام شہوات کو ترک کرنا ہے کیونکہ شہوات نفسانی کی تابع داری کرنا دل کو سخت کرنے کا سبب بن جاتا ہے چھٹا مقام شبہات سے بچنا ہے اور وہ مشکوک چیزیں ہیں جن میں شک اور ریب داخل ہوتا ہے۔

ساتواں مقام اللہ تعالیٰ کی طرف عاجزی سے پیش آنا ہے اور توبہ واستغفار کے ساتھ اللہ سے درخواست کرنا اور عاجزی و خشوع اور حضور قلب سے دعاء مانگنا اور وہ اغیار کو دیکھنے کو ترک کرنا ہے آٹھواں مقام مرشد کو راضی رکھنا اور یہ محبت سے حاصل ہوتا ہے خدمت اور نصیحت اور اس کے قول اور اطلاعت کے لئے ہر چیز میں اپنے آپ کو خالی کرنا اور استاد کے سامنے ایسا ہو جیسا کہ مردہ غاسل کے ہاتھ میں کہ جس طرح وہ چاہتا ہے اس کی کروٹ تبدیل کرتا ہے نواں مقام وعظ اور نصیحت کو سننا اور اس کو قبول کرنا اور موعظہ سننے سے شرم نہیں کرتا اور جب وہ کسی کو وعظ کرے تو

Marfat.com

نرمی سے وعظ کرے۔

دسواں مقام اللہ تعالیٰ کے سوا تمام چیزوں کو ترک کرنا اور عالم سے الگ ہونا کیونکہ اغیار سے خلط ہونے میں ملک جبار کی قریب ہونے کا پردہ بن سکتا ہے۔

تیسرا باب " باب حقیقت ہے اور اس کے بھی دس مقامات ہیں ان میں سے پہلا مقام تواضع کا ہے کہ وہ عاجزی سے پیش آئے اور دوسرے کے ساتھ نرمی کرے دوسرا مقام وہ کہ تمہاری نظر دو کی طرف ہو اور ستر فرقوں میں برابری کا کہ وہ ان میں سے کسی کے درمیان فرق نہ کرے مگر کرے تو گمرہ کو دیکھ کر کرے اور وہ تمام گمراہ ہیں تو ان سے الگ رہنا ضروری ہے سوا اہل سنت و جماعت سے کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک والوں میں سے ہیں۔

تیسرا مقام یہ ہے کہ کھانا جو بھی سامنے لایا جائے خواہ وہ کھانا کم ہو یا زیادہ ہو وہ کھائے اور جس قسم کا ہو اور اس ماحضر کھانے کے علاوہ دوسرے نئے کھانے کا انتظار نہ کرے چوتھا مقام کہ اس کی کوشش اللہ تعالیٰ کے راستے کے لئے ہو اور مخلوق کو تکلیف نہ دے بلکہ وہ تکلیف کو برداشت کرے پانچواں مقام یہ ہے کہ اس کے دل میں مخلوق کے لئے انتقامی جذبہ نہ ہو بلکہ جو بھی اس کو تکلیف پہنچائے اس کے ساتھ بھی نیکی کرے اور جس نے صلہ رحمی کو کاٹ دیا ہو اس سے بھی صلہ رحمی رکھے اور جس نے اگر اس پر ظلم کیا ہو تو اس کو معاف کر دے۔ چھٹا مقام یہ ہے کہ وہ فقراء اور درویش لوگوں پر تکبر کرنے والا نہ ہو بلکہ ان کو محبت اور شفقت کی نگاہ سے دیکھے اور ان سے اچھا معاملہ کرے ساتواں مقام یہ ہے کہ اس کا طریق حق پر جانا خالص مخلص اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے ہو ریا اور سمع سے محفوظ ہو اٹھواں مقام یہ

Marfat.com

ہے کہ وہ راز کو چھپائے رکھے اور مخلوقات کے رازوں کو بھی پوشیدہ رکھے اور لوگوں میں سے کسی کو کسی کا راز نہ بتائے اور جب وہ کسی بدی کو دیکھے تو اسے وہیں زمین گاڑ دیں۔ نواں مقام یہ ہے کہ وہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے مناجات میں مشغول ہو اور کسی دنیاوی امور میں مشغول نہ ہو جو غیر ضروری ہو اس تمام حکام کام کو اللہ کے سپرد کرنا چاہیئے۔

دسواں مقام یہ ہے کہ وہ عبرت کی نگاہ سے چیزوں کو دیکھے اور نفع مند علم کا طلب گار ہو اور نفس کی تربیتیں سعی کرے جیسا کہ حضور انورؐ نے فرمایا ہے کہ علم زہد ہے اور مرید کا ادب ہے اس کے لئے زہد سے بہتر ہے۔

چوتھا باب معرفت ہے:۔ اور اس کے بھی دس مقامات ہیں ان دس مقامات میں سے پہلا مقام ادب کے راستہ کو پکڑنا ہے اگر وہ عقل مند ادیب ہو اور شریعت کے اداب سے واقف ہو تو اس کو اپنے اوپر لازم رکھے اور اس کی حفاظت کرے دوسرا مقام یہ ہے کہ وہ تکالیف اور جفا کو برداشت کرنے والا ہو اور جو کوئی اسی کو تکلیف دے اس سے بدلہ نہ لینے والا ہو اس تکلیف کو برداشت کرے اور اس کو معاف کرے اور ان سے درگزر کرے تیسرا مقام یہ ہے کہ وہ بد لوگوں سے اپنے آپ کو بچانے والا ہو اور دوستوں کیساتھ محبت کرنے والا ہو اور فتنوں سے اعراض کرنے والا ہو جو اس سے ظاہر ہو جو اس میں پوشیدہ ہو۔

چوتھا مقام مشائخ کی خدمت کرنا صدق اور اخلاص سے اور لوگوں کو بھی ان کی خدمت کے لئے نصیحت کرنے والا ہو اور ظاہر وہ باطن میں ان سے محبت کرنے والا ہو پانچواں مقام یہ ہے کہ وہ اپنے رب کی عبادت سے غافل نہ ہو اور حق کو آنکھوں سے

81453

Marfat.com

ہر وقت دیکھے اور اس کی ایسی عبادت کرے گویا کہ وہ اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہا ہے اگر وہ اس کو نہ دیکھے تو اللہ تعالیٰ اس کو دیکھ رہا ہے چھٹا مقام یہ ہے کہ وہ اپنی طاقت کی مناسبت سے سخی ہو اور اس کا دل کسی دوسرے سے اثر نہ لے ساتواں مقام یہ ہے کہ غصہ کے وقت وہ صبر کرنے والا ہو اور کاموں میں جلدی کرنے والا نہ ہو آٹھواں مقام یہ ہے کہ وہ ہر دن اپنے دل کو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے صاف کرے زنگ لگنے سے حضور علیہ الصلوٰۃ و اسلام نے فرمایا ہے کہ دلوں کو زنگ لگتا ہے جیسا کہ لوہے کو زنگ لگتا ہے تو اس زنگ کو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے صاف کیا کرو نواں مقام یہ ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہونے کے لئے مختلف قسم کی شرع عبادات اور طاعات بجالاتے۔

دسواں مقام یہ ہے کہ وہ تمام لوگوں سے اپنے آپ کو حقیر جانے اور لوگوں کو پنے آپ سے ۔بہتر سمجھے اور کسی سے بھی اپنے آپ کو۔بہتر نہ سمجھے۔

آداب المریدین:۔ وہ آداب جو مرید پر اپنے شیخ کے لئے پر واجب ہیں تو اس میں سے پہلا صحبت شیخ ہے اور اس سے محبت رکھنا اور اس کو معاملات اور اعتقاد کامل میں سچا جانے اور اس سے اپنے دل کی کسی بات کو پوشیدہ نہ رکھے اور اس کو اپنا کام اور نفس دنوں سپرد کر دے اور کسی حالت میں بھی اس پر اعتراض نہ کرے اور تمام دل جمعی سے قبول کرے یعنی قلب اور قالب دونوں کو یعنی ظاہر و باطن کو ذلت اور فقیر اور مسکینی اور عاجزی سے اس کی طرف پیٹھ نہ کرے اور اس کو ہدیہ دے مال اور حال سے اور اس چیز کا جس کا وہ مالک ہو اور جو اس کے ہاتھ میں ہو اور وہ تمام اس کے سامنے ہو یعنی استاد کے سامنے اس طرح ہو جیسا کہ مردہ غاسل کے ہاتھ میں اور وہ جس طرح چاہیئے کروٹوں میں تبدیل کرا سکتا ہو اور اس کے آگے بھی نہ جائے بلکہ اس

Marfat.com

کے پیچھے چلے اور اس سے ڈرنے والا ہو اور اس کو اپنے کام کے لئے نمونہ بناتے اس سے ٹیڑھا نہ ہو جاتے اور جس سے وہ منع کرے اس سے منع ہو جاتے اور اس کام کو کبھی بھی نہ کرے اور اس کی خدمت کے لئے نصیحت کرنے والا ہو اور اس کی اطاعت میں کوشش کرنے والا ہو۔

اور مرشد بھی کے احوال اور اقوام اور افعال کو ملاحظہ کرتا رہے اور جو مرشد تو اس کو کچھ عنایت کرتے اس کے لئے تیار رہے اور اس کے راز کو چھپاتے اور جو کچھ وہ کہے اس کو یاد رکھے اور اس کے کلام سے کچھ بھی عبث جان نہ چھوڑے اور اس کی بات کو ضائع ہونے سے پرہیز رکھے اور اس کے اداب کو دیکھ کر ادب پر کرنے والا ہو در اس کے اخلاق کو اپنانے والا ہو اور اس کے احوال اور اقوال اور افعال میں اقتدا کرنے والا ہو اور ہر وہ چیز چھوڑے جو مرشد پسند نہ کرے اور اس کی مرضی کے بغیر کوئی کام نہ کرے اور اپنے اختیار سے مرشد کے اطلاع کے بغیر کوئی کام نہ کرے اور اس کے احکام کو بجالاتے اور جس سے منع کرے اس کو چھوڑ دے اور اس کو یہ نہ کہے کہ مجھے تم نے یہ حکم کیوں دیا اور یہ بھی نہ کہے کہ تم نے مجھے اس کے سجادہ پر پاؤں نہ رکھے اور نہ اس کے تکیہ پر سوتے اور نہ اس کے کپڑے پہنے اور اس کے حکم کے بغیر اس کے پاس نہ جاتے اور نہ اس کی طعام وہ بغیر اذن کے کھاتے ورنہ اس کے فائدہ سے بھی محروم ہو جاتے گا اور اس کے بعد مرشد کی بیوی سے نکاح نہ کرے۔ وصال کے بعد یہ بھی محرومیت کا سبب بن سکتا ہے اور اس کے بعد اس طرح دل میں میل نہ رکھے اور اگر اس کو وہ تو منع کرے یا زجر یا برا بھلا کہے تو بھی اس کے ساتھ دائمی محبت رکھے خواہ وہ نمکین یا میٹھی بات کہے اور اس کے مجلس میں کسی

Marfat.com

دوسرے سے بات نہ کرے اگرچہ اس کے ماں باپ کی طرف سے قریبی رشتہ دار کیوں نہ ہو ضرورت کے مطابق بات کر سکتا ہے مرشد کے غیوبت میں کسی سے لڑائی جھگڑا نہ کرے اور وہ یہ عقیدہ رکھے کہ اس کا مرشد زمانے کا ایک کامل ولی اللہ ہے اور دشمن اور حاسدین اور کی باتوں کی طرف دھیان نہ رکھے اس کی عصمت کا قائل نہ ہو بلکہ اس کے محفوظ عن الخطاء ہونے کا عقیدہ رکھے ہر اس بات سے جو وہ چاہے اور شطح بھی نہ کرے مرشد کے حضور اپنے دل سے جو اس کے دل میں پڑ جائے یا شوق اور وجد کے اور وہ اس پر علم رکھنے والا ہو اس کے مجلس میں ہنسنا ترک کرے اور جھگڑا اور سابق کلام کو بلکہ چپ رہے اور اس بات کو وہ سنے جو وہ کہے اور اس بات کی بھی سنے جو مدت مرشد کے حضور میں میسر ہو سکے اور ہمیشہ اس کی طرف نگاہ رکھے اور نماز پڑھنے والے کی طرح وہ اس کے سامنے بیٹھے۔

یہ وہی آداب ہیں جو مرشد کے لئے اس پر واجب ہیں اور ایسا ہی بیٹے کو والدین کے لئے ضروری ہے اللہ ہدایت دینے والا ہے اور اس سے توفیق کی امید کی جاتی ہے۔

وہ باتیں جو مرید کے لئے ضروری ہیں

ادب میں خود وہ اور اپنے دوستوں کے ساتھ اس پر عمل پیرا ہو اور وہ ان تمام کے ساتھ محبت رکھے اور ان کا تابعدار ہو اس بات میں جن پر وہ راضی ہوں اور وہ ان کے کاموں کو پورا کرنے میں کوشش کرنے والا ہو اور ان کا مددگار ہو ان کے مصالحت کو پورا کرنے والا ہو اور ان کی حاجات کو اپنی حاجت سے مقدم رکھے ان کی

Marfat.com

خدمت کو پورا کرنے کے لئے نصیحت کو بدل دیا کرے اگر وہ ان کی خدمت کرتا ہو تو اپنے دل میں ان پر فضیلت نہ لائے بلکہ ان کی مہربانی اپنے آپ پر سمجھے کہ انہوں ن مجھے خدمت کرنے کا موقع دیا۔ اور نہ کم عمر لوگوں کے ساتھ بیٹھا کرے نہ کہ بڑوں کے ساتھ بلکہ ادب کے ساتھ بٹھا کرے اور ان کے احوال اور اقوال اور افعال سے کنارہ کشش نہ ہو بلکہ ان تمام کے ساتھ موافقت رکھنے والا ہو اور اگر ان میں سے کوئی مر جائے تو ان کے جنازہ کے پیچھے جانے میں کوشش کرے اور اگر ان کے احوال یا اقوال و افعال کے متعلق پوچھا جائے تو اچھے طریقے سے اس کی تعریف کرے اور ان کی کنارہ کشی سے رنجیدہ ہو جتنا اس سے ہو سکے اور ان کے گئے ظاہر و باطن میں دل کو صاف رکھنے والا ہو اور ہر ملاقات پر دعا کے لئے طلب گار ہو اور کسی حاسد بغض رکھنے والے کا کوئی قول نہ سنے اور جس بات سے اپنے پیر بھائی سے رنجیدہ ہو تو اس سے درگزر کرے اور اس سے انتقام نہ لے اور اس کا کوئی حق ہو اس پر تو اس پر اصرار نہ کرے اور نہ اس کے مال و سامان کی طرف دیکھے بغیر اپنے مال و سامان کے اور اگر کسی پیر بھائی سے کوئی زلت دیکھے تو اس کو چھپائے اور اس کے پوشیدہ راز اور احوال کو نہ دیکھے اور اس کے گناہ اور قبائح پر اس پر عیب نہ لگائے جب کہ وہ علانیہ کرنے والا نہ ہو اور اس کو توبہ کی طرف ترغیب دلائے یہاں تک وہ اپنے گناہوں سے توبہ کرے اور تمام قبیح افعال سے رجوع کرے اور اس کے لئے خلوت اور جلوت میں دعا کرے اور اس کے لئے محبت و دوستی میں مخلص ہو اور وہ اگر کسی کو کچھ نصیحت کرنے والا ہو تو نرمی سے نصیحت کرے بغیر کسی سختی سے اور ان میں سے کسی کے ساتھ وہ حسد نہ کرے جب اللہ تعالیٰ اس کو فتح نصیب کرے اور اگر وہ اپنے بھائیوں

Marfat.com

میں سے کسی کو تکلیف دے تو یہ اس کے لئے محرومیت کا سبب بن سکتا ہے اور اپنے آپ کو کسی چیز کے لئے خاص نہ کرے بغیر اپنے پر بھائیوں کے اور اگر کسی پیر بھائی نے فخر کیا تو کے مثل مقابلہ نہ کرے بلکہ اس کے لئے کشادہ اور زیادہ ہونے پر خوشی کرے اور جو ان میں قدح کرے تو اس کی موافقت نہ کرے اگرچہ ہو وہ مصیبت میں اور اگر قدح کرنے والا اس کا بھائی ہو تو اس کی سرزنش کرے اور اس سے وہ منع کرے اور اس کے قبیح افعال کو نیکی سے تصور کرے اور چھوٹے سے ایسا معاملہ کرے جیسا کہ بڑوں سے کرتا ہے اور جب ان میں سے کوئی غائب ہو جائے تو جتنا اس سے ہو سکے اس کے متعلق پوچھے اور اگر اس کو پتہ لگے کہ اس کو کسی چیز کی احتیاج ہے تو اس کی مدد کرے اور اپنی طاقت کی مقدرت مناسبت سے اس کی مدد کرے اور اگر وہ مقروض ہو جائے تو اس کا قرض ادا کرنے میں اس کی مدد کرے اور اگر مرشد نے کسی مرید کو آگے کیا ہو تو اس کی مدد اقتدا کرے اور اس کی خدمت میں کوشش کرے اگرچہ وہ تقویٰ میں اس سے کم ہو یا اس سے کم عمر ہو اور تمام مریدوں پر اس کی اقتدا۔ واجب ہے اور گزرے ہوئے گناہ اور عصیان سے متصف نہ کرے اور اپنے دل میں اس کا معتقد ہو اگرچہ وہ نیکیوں میں ان سے کم ہو اور نہ وہ کہے کہ میں فلان سے .بہتر ہوں یا فلان، فلان سے .بہتر ہے۔

وہ آداب جو مرید پر واجب ہیں

مرید اپنے آپ سے معاملہ کرے وہ ذلت، فاقہ اور مسکینی ہے اور لے ہر اس چیز سے جو .بہتر ہو اور نفس کے خوش کرنے والی چیزیں چھوڑ دے اور نفس کے

Marfat.com

خلاف کوشش کرے ۔ یہاں تک کہ موت اس کو آجاتے اور یہ کام نفس امارہ کی مخالفت میں ہوتا ہے اور دنیا کو وہ چھوڑ دے دنیا کی طرف وہ توجہ نہ دے بلکہ اس سے بغض رکھے اور دنیا سے محبت نہ رکھے کیونکہ دنیا کیساتھ محبت رکھنا اللہ تعالیٰ کے ساتھ نزدیکی کے لئے پردے کا سبب بن سکتا ہے اور وہ اپنے نفس کے ساتھ ۔ جہاد کرنے والا ہو اللہ تعالیٰ کے لئے ۔ جہاد کرے کیونکہ جس نے ۔ جہاد کیا اس نے مشاہدہ کیا اور جس نے ۔ جہاد نہ کیا اس نے مشاہدہ نہیں کیا اللہ تعالیٰ نے فرمایا جو لوگ ہماری طرف کوشش کرتے ہیں تو ہم ان کے لئے ہدایت کے راستے بناتے ہیں اور وہ نہ رکھے کہ وہ نیتجے کی استعداد رکھتا ہے کیونکہ یہ جہل کے افعال میں سے ہے کیونکہ پہنچتا نہیں مگر محدود کے لئے اور اللہ تعالیٰ حدود اور ۔ جہات سے پاک ہے۔

تو کسی مکان یا طرف سے اس کو نہیں پکارا جاتا اور نہ دوستی ہو سکتی ہے نفس کے ساتھ اس کی غفلت میں اور نہ اعمال کو چھوڑے کمی کی وجہ سے اور رات کے تیسرے آخری حصہ میں نہ سوتے ۔ اور چھوٹی عمر کے لڑکوں سے دور رہے اور عورتوں کے میلان سے مگر شرط شرعی کیساتھ مل سکتے ہیں اور اگر وہ اپنے آپ کو فتنے سے بچا سکتا ہو اور ایک قدم بھی استاد کی اجازت کے بغیر نہ چلے اگرچہ والدین کی خدمت کیوں نہ ہو کیونکہ جس نے اللہ کی عبادت کا ارادہ کیا تو مخلوق کے حقوق ساقط ہو جاتے ہیں اور اگر دو حق ہوں اور وہ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ تعارض میں ہو تو حق صرف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے اور یہ مقدم ہے اس حق پر جو اللہ تعالیٰ کے حق کیساتھ متعارض ہو اور مرشد کے حقوق کو والدین کے حقوق پر مقدم رکھے اس کی چند وجوہات ہیں ان میں سے پہلی وجہ یہ ہے کہ مرشد ارشاد کے طریقہ پر ہدایت دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے

Marfat.com

قریب ہونے کی راہ نمائی کرتا ہے اور یہ والدین نہیں کر سکتے دوسری وجہ یہ ہے کہ مرشد اپنے مرید کو گمراہی کی ذلت سے نکالتا ہے طاعت کی عزت کی طرف اور یہ بھی والدین نہیں کراسکتے تیسری وجہ یہ ہے کہ مرشد. جہل کو ختم کرا کر علم کی طرف لے جاتا ہے اور بد بختی سے نیک بختی کی طرف اور یہ بھی والدین نہیں کراسکتے۔

چوتھی وجہ یہ ہے کہ مرشد دنیا کی محبت کو اس کے دل سے نکالتا ہے اور آخرت کی طرف رغبت دلاتا ہے اور یہ بھی والدین نہیں کراسکتے۔ پانچویں وجہ یہ ہے کہ مرشد قیامت کے ہولناک عذاب سے نجات کا سبب ہوتا ہے اور ہمیشہ نعمتوں کی کامیابی کی طرف اور یہ بھی والدین نہیں کراسکتے بلکہ اس پر یہ دونوں اختلاف کرتے ہونگے فقط کیونکہ حضورؐ نے فرمایا ہے کہ اگر اللہ کے سوا کسی اور کو سجدہ جائز ہوتا تو میں طالب علم کو حکم دیتا کہ وہ اپنے استاد کو سجدہ کرے اور بیوی کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے اور ایک روایت میں ہے کہ میں اگر کسی کو حکم دیتا کہ وہ کسی کو سجدہ کرے تو طالب علم کو حکم دیتا کہ وہ اپنے استاد کو سجدہ کرے اور بیوی اپنے شوہر کو زیادہ حقوق کی وجہ سے جو بیوی پر واجب ہیں۔ مرید اپنے اور اد کو نہ چھوڑے کیونکہ اگر کسی نے ایک دن اپنے اور اد کو چھوڑ دیا تو اس دن کی مدد اس سے کٹ جاتی ہے اور جس کا کوئی ورد نہیں اس کی کوئی مدد نہیں اور اس پر اپنے اوراد کے آداب اور خیال کی حفاظت لازمی ہے انشاء اللہ اور جو ذکر کے آداب ہیں تو وہ بیس ہیں۔

ان میں سے پانچ شروع کرنے سے پہلے ہیں اور بارہ ذکر کی حالت میں اور تین آداب بعد کے ہیں ان میں وہ پانچ جو شروع کرنے سے پہلے ہیں تو وہ غسل اور وضو۔ اور توبہ خاموشی اور سکون اور شیخ مربی سے استمداد طلب کرنا اپنے اعتقاد کے ساتھ

Marfat.com

کیونکہ مرشد کی مدد حضورؐ کی مدد سے ہے اور ان میں سے جو بارہ ہیں حالت ذکر میں ہیں تو اول ذکر کے لئے ایسے بیٹھیں گے جس طرح نمازی نماز کے لئے بیٹھتا ہے اور قبلہ کی طرف منہ کرے اور رانوں پر اپنے دونوں ہاتھوں کو رکھنے اور آنکھوں کو بند کرے اور معلوم جگہ پر بیٹھے اور اندھیرے مکان میں اور معاملات میں سچائی سے پیش آتے اس کے ساتھ جو ذکر میں اس کا ساتھی ہو اور کام میں مخلص ہو اور ہمیشہ خوشبو لگاتے اپنے جسم پر اور کپڑوں پر جگہ کو پاک رکھے اور دل میں کوئی نفسانی خطرات نہ لاتے اور کلمہ شریف کو ہمیشہ پڑھے یعنی کلمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور وہ اس بات کا خیال رکھے کہ اس کا مرشد اس سے غافل نہیں ہے۔

وہ تین جو بعد کے ہیں وہ خاموشی اختیار کرنا اور سکون کی حالت میں اور نفس کی ذم میں کئی مراقبہ کرنا اور ذکر کے بعد پانی نہ پینا کیونکہ وہ حرارت اور وجد کی آگ کو بجھا دیتا ہے اور ہم نہیں جانتے کہ مشائخ میں سے کسی نے اس کی اجازت دی ہو مگر اگر دی بھی ہو کچھ دیر کے بعد یہ گھنٹہ یا آدھا گھنٹہ کے بعد اور اس میں ایک میں کہتا ہوں کہ تم ذکر کے بعد فوراً پانی نہ پیو ورنہ تم امداد سے محروم ہو جاؤ گے کچھ دیر صبر کرو تو اے میرے بھائی تم اپنی مرادیں کامیاب ہو جاؤ گے اور اگر کسی کو وجد اور محبت کی آگ زیادہ پیدا ہوتی ہے اور وہ صبر نہ کر سکتا ہو تو ہمارے صوفیاء کرام کے اکابرین نے رخصت دی ہے کہ وہ پانی پی سکتا ہے اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ عادت سے وہ زیادہ نہ ہے ایسا ہی بلغتہ المرید میں لکھا ہے اللہ تعالیٰ ہدایت دینے والا ہے اور اس سے توفیق ہے اور سلوک طریقہ قادریہ میں سے جو اصول اور فروغ ہیں اس کے تیرہ نام ہیں۔

Marfat.com

ان میں سے اوصول کے سات نام ہیں اور فروع کے چھ نام ہیں اوصول کے سات نام مندرجہ ذیل ہیں۔

یہ بات نفوس کے لئے ہیں ان کے نام یہ ہیں اور ہر نام کے اعداد ہیں اور توجہ کی دعا ہے جو بعد میں پڑھی جاتی ہے وہ سیر، عالم، محل، خال، واو داد نور اور ذکر ہے یہ ان سات نفوس کیلئے ہیں ان میں سے پہلا نام نفس امارہ کیلئے ہے دوسرا نفس لوامہ تیسرا نفس ملہمہ چوتھا نفس مطمئنہ پانچواں نفس راضیہ چھٹا نفس مرضیہ اور ساتواں نفس کاملہ کیلئے ہے تو ہر اسم کا پڑھنا اس کے شمارے کے مطابق ہونا چاہیئے پھر شمار کے بعد توجہ کرو گے جو اس کے ساتھ منسوب ہو۔ اور جس اسم میں تم ہو تم منتقل نہ ہو جاؤ یہاں تک کہ تم دوسرے اسم کے مستحق ہو جاؤ اور مرشد کے اشارہ پر تم ورد کو بدل دو تمہیں وہ ظاہر ہو جائینگے اللہ تعالیٰ کی امداد امارات اور علامات سے یا خواب میں تمہیں اشارہ ہو جائے گا اور علامات ہیں جو پڑھنے والوں پر ظاہر ہو جاتے ہیں اور اس کا معلوم رنگ ہے پس جان لو اس راز کو اور اس کو پوشیدہ رکھو سوا مستحق کے اور جب تم ان سات اسماء سے فارغ ہو جاؤ گے جو اصول ہیں تو تم چھ فروع کے اسماء کی طرف چلے جاؤ یکے بعد دیگرے جب تم سب کو ختم کرو گے تو پہلے اسم کی طرف واپس لوٹ آؤ جیسا کہ پہلے تم نے کیا ہو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تمہیں فتح نصیب کریگا تو تم پر اخلاف کو لازم رکھتا ہے اور خالص ذکر کا ارادہ کرو گے اور عبادت کا اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو پر قدرت رکھتا ہے جو وہ چاہے اور ان میں پہلا اسم کلمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے اور اس کی تعداد ایک لاکھ ہے اور توجہ کی دعا ہے الٰھی اَظْھِرْ عَلَیَّ ظَاہِرِیْ سُلْطَانَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَ حَقِّقْ بَاطِنِیْ بِحَقَائِقِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَ

Marfat.com

اسْتَغْرِقْ فِيْكَ ظَاہِرِیْ بِاحَاطَتِہٖ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ اِحْفَظْنِیْ الھمہ بِکَ لَکَ فِیْ مُرَاتِبِ وُجُوْدِکَ بشھودک و صفاتک حتی لا اشھد غیر اا فعالک وَ صِفَاتِکَ بَصَرِ جھبھک الحق لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ

